# 43795-نماز میں وسوسے کی شکار عورت کے لیے نماز تراویح میں عورتوں کی امامت کروانی جائز ہے

## سوال

کیا نماز میں وسوسے کی شکار عورت کے لیے نماز تراویح میں اپنی بہنوں کی امام کروانی جائز ہے ؟

## پسندیدہ جواب

اس عورت کے لیے نماز تراویح میں اپنی
بہنوں کی امامت کروانے میں کوئی حرج نہیں، جب وہ نماز کی شروط اور اس کے ارکان اور
واجبات کو پورا کرتی ہو تو وہ عورتوں کی جماعت کروا سکتی ہے، اور ہو سکتا ہے اس کا
امامت کروانا اس کے لیے اپنے آپ پر قابو پانے میں مدومعاون ہو، اور وسوسے کو
قبول نہ کرنے کا سبب بن جائے.

ممکن ہے کہ یہ وسوسے ختم ہو کر رہ
جائیں، اور اس کا باجماعت نماز ادا کرنا نماز میں ضبط کی زیادتی کا باعث بن جائے.

واللہ اعلم.